روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 31دسمبر2008ء 2محرم 1430ہجری 31فتح 1387ہش جلد 58-93 نمبر 294

جسمانی اور روحانی صحت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ صحت منداور توانا مومن کمزور مومن کی نسبت اللہ کو زیادہ پیارا ہے۔ اگرچہ ہر مومن میں خیر ہے۔ پس اس چیز کی حفاظت کرو جو آپ کو فائدہ دے۔ اللہ سے مدد چاہو اور ہمت نہ ہارو۔ اگر آپ کو کوئی مصیبت پہنچے تو یہ مت کہو اگر میں یوں کرتا تو یہ ہو جاتا بلکہ یہ کہو اللہ کی تقدیر تھی اور جو خدا نے چاہا کیا۔ کیونکہ ''اگر'' کا لفظ شیطانی خیالات کا دروازہ کھولتا ہے۔

(مسلم کتاب القدر باب فی الامر بالقوة حدیث نمبر :4816)

صفت شافی کی مزید تشریح اور قرآن کریم کا مومنین کیلئے باعث رحمت، ہدایت اور موجب شفاء ہونے کا حسین تذکرہ

روحانی اور جسمانی بیماریوں سے شفاء اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہے

اللہ تعالیٰ احمدی ڈاکٹروں کے ہاتھوں میں شفاء رکھے اور پہلے سے بڑھ کر ان کے مریض شفاء پانے والے ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 26/دسمبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 26 دسمبر 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے خدا تعالیٰ کی صفت شافی کے ضمن میں گزشتہ خطبہ جمعہ کے مضمون کو جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ شفاء کا اصل ذریعہ خدا تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔ بعض دفعہ تمام قسم کے علاج ناکام ہو جاتے ہیں اور پھر اللہ تعالیٰ مضطرب بندوں کی دعاؤں کو سن کر شفاء عطا فرماتا ہے۔ یہ معجزات دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی صفات کا فہم وادراک حقیقی رنگ میں حاصل ہوتا ہے اور جسمانی شفاء سے بھی بعض اوقات روحانی شفاء کی بنیاد پڑ جاتی ہے۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے بندوں سے کہا ہے کہ میری عبادت کی طرف توجہ دو اور میرے احکامات پر عمل کرو تو جسمانی شفاؤں کے ساتھ ساتھ روحانی شفاء کے نظارے بھی ہر آن دیکھتے چلے جاؤ گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا اپنے بندوں پر یہ کتنا بڑا احسان ہے کہ اپنے رسولؐ انسان کامل کے ذریعہ ایک کامل تعلیم ہماری روحانی شفاء کیلئے قرآن کریم کی صورت نازل فرمائی۔ شہد کی مکھی کے ذریعہ جسمانی بیماریوں سے شفاء کے ساتھ ساتھ روحانی شفاؤں کے راستوں کی بھی نشاندہی ہوتی ہے۔ شہد کی مکھی کی طرف وحی کرنا اور پھر اس کے ذریعہ سے شہد میں شفاء رکھنا بتاتا ہے کہ ہر کام کے لئے وحی الٰہی کی ضرورت ہے پس انسان کو شہد کی مکھی کے عمل سے یہ سوچنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی کے بغیر کسی چیز کا اعلیٰ حصول ممکن نہیں ہے حضرت مسیح موعود سے اللہ تعالیٰ ہمکلام ہوتا رہا اور خدا تعالیٰ نے آپ کو اپنی تعلیم کی تائید اور اس کو پھیلانے کے لئے بھیجا تاکہ اللہ تعالیٰ کے براہ راست مکالمہ ومکاشفہ کے حوالے سے الٰہی تعلیم کو اس پر ایمان لانے والوں کے دلوں میں بھی راسخ کریں اور غیروں کو بھی اس حوالے سے دعوت دیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کے بعد آپ کے کاموں کو اللہ تعالیٰ کی خاص راہنمائی میں جاری رکھنا اب خلافت احمدیہ کی ذمہ داری ہے اور خدا تعالیٰ کی حکومت کو دنیا میں قائم کرنا ہمارا سب سے بڑا مشن ہے تاکہ دنیا کامل اور مکمل علاج سے فیض پاتے ہوئے اپنی روحانی شفاء کا بھی انتظام کر سکے۔ قرآن کریم کا مومنین کے لئے جسمانی وروحانی شفاء، رحمت اور ہدایت کا موجب ہونے کے بارے میں حضور انور نے بعض آیات کریمہ پیش کیں اور فرمایا کہ اس زمانے میں قرآن کریم کے اسرار ومعارف ہمیں حضرت مسیح موعود نے اس طرح بتائے کہ جو ہمارے دلوں کی کدورتوں اور بیماریوں کو ایسے حیرت انگیز طور پر دور کر دیتے ہیں کہ انسان حیران ہو جاتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ لوگوں کو اپنے رب کی طرف بلاؤ۔ یہ موعظة حسنة قرآن کریم کی خوبصورت تعلیم ہے۔ ہمیں اگر دعوت الی اللہ کا حکم ہے تو اس لئے کہ اپنے دل میں دوسروں کے لئے ہمدردی کے جذبات سے پر ہو کر انہیں خدا تعالیٰ کے قریب لائیں اور انہیں بتائیں کہ قرآن کریم جو آنحضرتؐ پر اترا، اب واحد حل ہے تمہاری روحانی شفاء کا۔ خدا کے لئے اس کو قبول کرو اور اپنی دنیا و آخرت سنوارو۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ پہلے سے بڑھ کر اس تعلیم سے لوگوں کو آگاہ کریں تاکہ انسانیت کی شفاء کا موجب بن سکیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہمارے احمدی ڈاکٹر مکرم محمد مسعود الحسن نوری صاحب جو کہ آجکل طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کے انچارج ہیں جب سرکاری ملازم تھے تب بھی انہوں نے اپنے کلینک پر لکھ کر لگایا ہوا تھا کہ الا بذکر اللّٰہ...... سنو کہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہی دل اطمینان پاتے ہیں۔ ایک احمدی ڈاکٹر ہی یہ سوچ رکھ سکتا ہے۔ پس روحانی اور جسمانی بیماریوں سے شفاء اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہے۔ طاہر ہارٹ میں اب تک بیماریوں سے شفاء کے ایسے ایسے معجزے دیکھنے میں آرہے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ ہمارے ڈاکٹر بھی دعا کر کے کام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر یقین ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں میں شفاء رکھے اور پہلے سے بڑھ کر ان کے مریض شفاء پانے والے ہوں۔ حضور انور نے آخر پر فرمایا کہ خدا تعالیٰ دنیا کو عقل دے کہ وہ قرآن کریم کی خوبصورت تعلیم کو سمجھنے والے ہوں اور اپنی دنیا و آخرت سنوار سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی توفیق دے کہ ہم اس روحانی چشمے سے ہمیشہ فیض پاتے چلے جائیں اور ہر قسم کی جسمانی اور روحانی بیماریوں سے خدا تعالیٰ ہمیں بچا کر رکھے۔ آمین

فری کوچنگ کلاس

۞ مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ امسال کلاس نہم، دہم، ایف اے اور ایف ایس سی (فزکس، کیمسٹری بیالوجی، ریاضی، انگلش، شماریات) کیلئے ایک فری کوچنگ کلاس کا انعقاد کر رہی ہے اس کے لئے رجسٹریشن مورخہ 3 تا 6 جنوری 2009ء رات 6:00 تا 7:30 بجے دفتر مقامی ہال میں ہوگی۔ ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر ہمراہ لائیں تفصیلی ہدایات دفتر مقامی کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

(مہتمم مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

اعزاز

۞ عزیزم عبدالرحمٰن ابن مکرم راجہ محمد حنیف کوکب صاحب شاہ تاج شوگر ملز ضلع منڈی بہاؤالدین نے آٹھویں جماعت میں اپنے سکول میں اول پوزیشن لینے کے بعد ایک گروپ آف سکولز کی طرف سے سکالرشپ مقابلہ میں حصہ لیا اور الحمدللہ ضلع بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی مورخہ 16 نومبر 2008ء کو سکولز کے ڈائریکٹر کی طرف سے پندرہ ہزار روپے نقد اور سکول کی طرف سے تعریفی سند عطا کی گئی۔ عزیزم وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور جماعت کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔ اب نویں کلاس میں پڑھ رہا ہے۔ احباب جماعت سے عزیزم کی مزید ترقی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

(وکیل وقف نو)

نمایاں اعزاز

۞ مکرمہ حمیرا یاسمین صاحبہ بنت مکرم غلام نبی صاحب نصیر آباد غالب ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار گورنمنٹ جامعہ نصرت ربوہ برائے خواتین میں سیکنڈ ائیر کی طالبہ ہے۔ مورخہ 17 دسمبر 2008ء کو جھنگ میں debate کیلئے گئی تھی۔ جس میں میری پہلی پوزیشن آئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مجھے ضلع جھنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر 20 ہزار روپے انعام دیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے مزید کامیابیاں عطا کرے۔ آمین

محفل مشاعرہ بعنوان برکات خلافت
(زیر انتظام مدرسۃ الظفر ربوہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مدرسۃ الظفر ربوہ کو مورخہ 5 دسمبر 2008ء کو بمقام اقامۃ الظفر (ہوسٹل) دارالصدر شمالی بوقت 8 بجے رات خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی کی مناسبت سے اظہار تشکر کے طور پر ایک محفل مشاعرہ بعنوان ''برکات خلافت'' منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ جس کا مقصد خلافت کی برکات کو اُجاگر کرنا اور اس سے عشق و وفا کا اظہار تھا۔ مشاعرہ سننے کے لئے اہل ذوق لوگوں کی کثیر تعداد نے اس محفل میں شامل ہوکر مشاعرے کی رونق دوبالا کردی۔ اس محفل میں صدر مشاعرہ کراچی سے تشریف لائے ہوئے جماعت احمدیہ کے معروف شاعر مکرم صابر ظفر صاحب تھے اور میزبانی کے فرائض مکرم فرید احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ نے سرانجام دیئے۔ تلاوت و نظم کے بعد شعراء نے اپنا کلام سنایا۔ انتخاب پیش خدمت ہے۔

مکرم فرید احمد ناصر صاحب

محفل تو سرِ شام بہت خوب جمی ہے
اس شہر طلسمات میں بس تیری کمی ہے
تارے بھی تھے خاموش فضا چیخ رہی تھی
مت پوچھ کہ فرقت کی سزا کیسے کٹی ہے

....

ایک سجدہ جو تم سے دیا نہ گیا
تو سکوں سے کہیں پھر جیا نہ گیا
دوسروں کو دکھاتے رہے آئینہ
چاک اپنا گریباں سیا نہ گیا
کون مفرور تھا کون مسرور ہے
تم سے یہ فیصلہ بھی کیا نہ گیا

مکرم طارق محمود طاہر صاحب۔ ربوہ

ترسی ہوئی ہے دید کو ربوہ کی سرزمیں
پھرتے ہیں سوگوار تیرے شہر کے مکیں
کاٹے ہوئے ہیں ہم نے سبھی خواہشوں کے سر
جز آرزوئے وصل کوئی آرزو نہیں
آجایئے حضور کہ سینہ ہے غم سے چُور
جب تک ملے نہ سچی خوشی عید کچھ نہیں

مکرم محمد مقصود احمد منیب صاحب۔ ربوہ

کہ اک دجلہ سمندر کر دیا ہے
مجھے قطرے سے گوہر کر دیا ہے
میری جھولی تو چھوٹی تھی پر اس نے
میری اوقات سے بڑھ کر دیا ہے
خلافت کی غلامی فخر میرا
غلامی کو بھی زیور کر دیا ہے

....

دن مسافت ہے شب مسافت ہے
جاودانی تو بس خلافت ہے
کربلائیں ہزار دیکھی ہیں
مسکرانا ہماری فطرت ہے
گالیاں سن کے دے رہے ہیں دعا
اک مسیحا کی یہ نصیحت ہے

مکرم ضیاء اللہ مبشر صاحب۔ ربوہ

نہاں کو وہ عیاں کر دے
نشاں کو بے نشاں کر دے
اگر چاہے تو حرفِ کُن سے
ذرے کو جہاں کر دے
وہ نچلے آسماں پر ہے سحر سے اک پہر پہلے
اٹھو شاید یہی لمحہ اَمر تیری فغاں کر دے

ان کے بعد مکرم ناصر ہاشمی صاحب نے **مکرم چوہدری محمد علی صاحب مضطرؔ عارفی** کا کلام ترنم کے ساتھ خوبصورت آواز میں پیش کیا۔

وہ بے ادب حدود سے باہر نکل گیا
سورج کو اس نے ٹوکنا چاہا تھا جل گیا
میرے لئے جلائی تھی اس نے چتا مگر
شعلے ہوئے بلند تو موسم بدل گیا
صوت و صدا کا سلسلہ کچھ تو ہوا بحال
صد شکر ہے کہ روح کا پتھر پگھل گیا

کچھ وقفہ کے بعد انہوں نے درج ذیل نظم پیش کی۔

آدھی رات کے آنسو! ڈھل
ڈھل میری تقدیر بدل
کھل کے برس اے دَل بادل!
دُھل جانے سے نین کنول
عمر کے سورج! ہولی چل
ڈھلتے ڈھلتے ڈھلتے ڈھل

مکرم پروفیسر مبارک احمد عابد صاحب۔ ربوہ

وہ عالی مرتبت وہ چاند راجا وہ ہمارا دل
خدا نے تمکنت جس کو عطا کی ہے خلافت کی
ہمیں اعزاز حاصل ہے کہ بیٹھے اس کے قدموں میں
اور اس کے ہاتھ پر ہم نے بھی ہے تجدید بیعت کی

....

باغ احمد میں مثال عندلیب اک شخص ہے
جس کے گن گاتے ہیں شاعر اور ادیب اک شخص ہے
پیار ہے سب سے اسے نفرت کسی سے بھی نہیں
اس زمانے میں بھی وہ ایسا نجیب اک شخص ہے

مکرم عبدالکریم قدسی صاحب۔ لاہور

مرشد نے کہہ دیا ہے کہ جانا نہیں وہاں
قانون کے اگرچہ ہیں رستے کھلے ہوئے
اک شخص بھی نہ توڑے گا حکمِ امام وقت
گرچہ ہیں پاسپورٹ پہ ویزے لگے ہوئے

....

جہاں بھی عدل کی پگڑی کوئی اُچھالے گا
یہ وقت اس کی رعونت پہ خاک ڈالے گا
مجھے کسی کی دعاؤں پہ ہے یقیں ایسا
اگر میں ڈوبا تو دریا مجھے اُچھالے گا

آخر پر **مکرم صابر ظفر صاحب صدر مشاعرہ** نے اپنے کلام سے سننے والوں کو محظوظ کیا اور خوب داد وصول کی۔

وہ جانثار تھے تیرے جو چار سو بولے
اگر شہید ہوں خاموش تو لہو بولے
گواہیاں نہیں درکار دوسروں کی مجھے
میں چاہتا ہوں مرے حق میں صرف تو بولے

....

زیادہ زندگی میں دکھ درد میں گزار آیا
تیری پناہ میں آیا تو پھر قرار آیا
مجھے یقیں تھا میرے واسطے ہے منزل تو
میں راستے میں سفر کی تھکن اتار آیا
بس ایک تو ہے کہ سب کو پناہ میں لے لے
اسی ادا پہ مجھے بار بار پیار آیا

مشاعرے کے اس پہلے مرحلے کے بعد کچھ وقت کے لئے وقفہ کیا گیا جس کے بعد دوسرا مرحلہ شروع ہوا اور اس میں مکرم پروفیسر مبارک احمد عابد صاحب، مکرم عبدالکریم قدسی صاحب اور مکرم صابر ظفر صاحب سے حاضرین نے باری باری فرمائش کر کے اپنی پسند کا کلام سنا اور اس بابرکت محفل مشاعرہ سے بھرپور حظ اٹھایا۔ دوران مشاعرہ تمام شعراء کرام، مہمانان اور دیگر شرکاء کی چائے، پان اور خشک میوہ جات سے تواضع کی گئی۔ اجتماعی دعا کے بعد یہ مشاعرہ اختتام پذیر ہوا۔

(ایم اے رشید)

حضرت مسیح موعودؑ کی والدہ کی وفات

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعودؑ کو اپنی والدہ سے بہت محبت تھی۔ غالباً آپ جن دنوں میں سیالکوٹ میں تھے یا اور کسی مقام پر قادیان سے باہر تھے کہ آپ کو خبر پہنچی کہ آپ کی والدہ سخت بیمار ہیں یہ سن کر آپ فوراً قادیان کی طرف روانہ ہو گئے تو جو شخص (آپ کو) لینے کے لئے آیا ہوا تھا۔ وہ بار بار یکہ والے سے کہنے لگا کہ ذرا جلدی کرو بی بی صاحبہ کی طبیعت بہت خراب تھی خدا خیر کرے پھر تھوڑی دیر کے بعد اور زیادہ یکہ والے کو تاکید کرنے لگا اور کہنے لگا کہ ''کہیں خدانخواستہ فوت ہی نہ ہوگئی ہوں۔ حضرت مسیح موعودؑ فرماتے۔ میں نے اس فقرہ سے سمجھ لیا کہ وہ فوت ہو چکی ہیں اور یہ مجھے اس صدمہ کے لئے تیار کر رہا ہے اور میں نے اس سے کہا کہ تم ڈرو نہیں اور جو سچ سچ بات ہے وہ بتا دو۔ اس پر اس نے کہا۔ بات تو یہی ہے کہ وہ فوت ہو چکی ہیں۔''

(رپورٹ مجلس مشاورت 1938ء صفحہ 141)

غزل

ہم نے جب دو چار غزلیں گائیاں
اور گہری ہو گئیں گہرائیاں
ہجر کی شب کیسی کیسی صورتیں
ہم سے تنہائی میں ملنے آئیاں
رات پروانوں کو جلتا دیکھ کر
شمع خود لینے لگی انگڑائیاں
دل جلے اچھے بھلے خاموش تھے
بات کی تو بڑھ گئیں تنہائیاں
کوچہ و بازار میں برسا لہو
بادلوں کی رُت میں آنکھیں آئیاں
افتاں و خیزاں چلے تیری طرف
راستے میں ٹھوکریں بھی کھائیاں
دشمنوں سے دشمنی بھی چھوڑ دی
دوستوں کی گالیاں بھی کھائیاں
ہم پہ ہیں سایہ فگن اس دھوپ میں
اب بھی تیرے پیار کی پرچھائیاں
اب بھی تیری یاد سے آباد ہیں
شہر جسم و جان کی پہنائیاں
تیریؐ سچائی کی ہیں حلقہ بگوش
سب پرانی اور نئی سچائیاں
کیسی کیسی عزتوں میں ڈھل گئیں
کیسی کیسی ذلتیں، رسوائیاں
ہم نے دیکھا ظلم بھی، انصاف بھی
ہم نے ہر حالت میں غزلیں گائیاں
ہم کو جنت سے نہ دوزخ سے غرض
ہم ہیں تیرے نام کی سودائیاں
اب کوئی حسرت نہیں، تیری قسم!
ہم نے منہ مانگی مرادیں پائیاں

چوہدری محمد علی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

دنیا کے ہر کونے میں بسنے والے احمدیوں کا اخلاص بے مثال ہے۔ کیرالہ کے احمدیوں کے اخلاص و وفا کا اظہار بھی منفرد ہے خلافت وہ رسّی ہے جس کو پکڑ کے ہم نے اپنی منزل مقصود تک پہنچنا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے

اس تعلق اور اس جذبہ کو نہ صرف کبھی آپ نے مرنے نہیں دینا بلکہ اس میں ہر روز اضافہ کی کوشش کرنی ہے اور اس کے لئے

اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ خدائے واحد و یگانہ کی عبادت اور نیک اعمال ایک مومن کے لئے انتہائی ضروری ہیں

کالی کٹ (کیرالہ۔انڈیا) میں پہلی بار خلیفۃ المسیح کا ورود اور Live خطبہ جمعہ

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 28 نومبر 2008ء بمطابق 28 نبوت 1387 ہجری شمسی بمقام بیت القدوس، کالی کٹ، کیرالہ (انڈیا)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

تشہد و تعوذ و سورۃ فاتحہ کے بعد فرمایا:۔

الحمدللہ کہ اللہ تعالیٰ نے آج مجھے ہندوستان کے اس علاقے میں بھی آنے کی توفیق دی۔ 2005ء میں جب مَیں قادیان آیا تھا اُس وقت بھی کیرالہ کے بعض مخلصین کا اصرار تھا کہ کیرالہ بھی ضرور آئیں لیکن حالات ایسے تھے کہ اس وقت فوری طور پر پروگرام نہیں بن سکتا تھا۔ مَیں نے اس وقت ان سے کہا تھا کہ آئندہ انشاء اللہ آنے کی کوشش کریں گے۔ سو اللہ تعالیٰ نے آج محض اپنے فضل سے اس بات کو پورا کرنے کی توفیق دی۔ یہ بالکل حقیقت ہے کہ جب تک انسان خود کسی چیز کا مشاہدہ نہ کر لے اس کے بارہ میں جو بھی معلومات ہوں صحیح طرح ان کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ مَیں اس بات پر اللہ تعالیٰ کا اور بھی زیادہ شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہاں آ کر آپ لوگوں سے ملنے اور آپ لوگوں کے اخلاص و وفا کو دیکھنے کا موقع عطا فرمایا۔ گو اس صوبہ کے، اس علاقہ کے جتنے بھی لوگوں سے مَیں قادیان یا لندن میں ملا ہوں انہیں اخلاص و وفا سے پُر ہی پایا ہے لیکن یہاں آ کر جماعت کو دیکھ کر اور ہر مرد، عورت، بچے، بوڑھے، جوان کو دیکھ کر اور ان کے اخلاص و وفا کے معیار کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضرت مسیح موعود کی جماعت پر فضلوں کا جو اندازہ ہوا ہے وہ آپ لوگوں سے ملنے کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا۔

ہمارے ساتھیوں میں سے کوئی کہہ رہا تھا کہ ان میں انڈونیشین احمدیوں کی طرح کا ڈسپلن اور اخلاص ہے۔ کوئی کہہ رہا تھا کہ افریقنوں کی طرح کا اخلاص ہے، گو کہ افریقنوں کے اخلاص کے اظہار میں جوش بھی بہت نمایاں ہوتا ہے۔ لیکن مَیں کہتا ہوں کہ دنیا کے ہر کونے میں بسنے والے احمدیوں کا اخلاص و وفا ناقابل مثال ہے۔

گو کہ اظہار کے طریقے مختلف ہیں اور ہندوستان کے اس حصّہ کے احمدیوں کے اخلاص و وفا کے اظہار کا بھی اپنا ایک طریق ہے۔ یہ حصّہ جو قادیان سے ہزاروں میل دور ہے، اس حصّہ میں رہنے والے احمدیوں میں سے شاید بڑی تعداد ایسی ہو جنہوں نے براہ راست خلیفہ وقت سے پہلی مرتبہ ملاقات کی ہو۔ لیکن بوڑھوں، جوانوں، بچوں کی آنکھوں میں پہچان اور جذبات کا ایک خاموش اظہار کہ دنیا کی کوئی طاقت نہیں جو ہمیں حضرت مسیح موعود کے بعد جاری کردہ نظام خلافت سے محبت و وفا کے جذبے کو ختم کرنے میں روک بن سکے، اسے مَیں نے دیکھا ہے۔

یہ سب کچھ حیرت میں ڈال دیتا ہے کہ کیا ان جذبات کے اظہار کے بعد بھی دوسرے ...... کو شک ہے کہ حضرت مسیح موعود اللہ تعالیٰ کے فرستادہ اور بھیجے ہوئے نہیں ہیں؟ جماعت کی بڑی (۔) شہر کے مرکز میں ہے اور آتے جاتے لوگ احمدیوں کی گرمجوشی اور خوشی کو دیکھ رہے ہیں، خلافت سے محبت کا اظہار ہو رہا ہے اور یہ صرف اور صرف اس لئے ہے کہ یہ خلافت حضرت مسیح موعود کے کام کو آگے بڑھانے کے لئے وہ رسّی ہے جس کو پکڑ کے ہم نے آگے بڑھتے چلے جانا ہے اور اپنی منزل مقصود تک پہنچنا ہے۔ اور ہماری منزل مقصود کیا ہے؟ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے۔ مرتے دم تک وہ کام کئے جانا ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کو آسان بنانے والے ہوں۔ وہ کام کرتے چلے جانا ہے جو اللہ کے رسول ﷺ کی کامل اطاعت کا حامل بنانے والے ہیں۔ وہ معیار حاصل کرنے کی کوشش کرنی ہے .... زمانے کے امام اور مسیح موعود اور مہدی موعود ہم میں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

پس جس جذبہ کا اظہار مَیں نے دیکھا کہ کس طرح یہاں کے احمدی حضرت مسیح موعود کی محبت کی وجہ سے آپ کے نظام خلافت سے اخلاص و وفا کا تعلق رکھتے ہیں اس کو قائم رکھنا ہر احمدی کا فرض ہے اور اس کو اسی صورت میں قائم رکھا جا سکتا ہے جب ہم اس بنیادی مقصد کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھنے والے ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہماری زندگی کا بنیادی مقصد ہے۔

آنحضرت ﷺ کی پیروی اور اطاعت ہماری زندگیوں کا نصب العین ہے اور حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آ کر وہ معیار حاصل کرنا جن کی آپ نے ہم سے توقع کی ہے، ہمارا ہدف یا ٹارگٹ ہونا چاہئے۔ ورنہ اگر یہ نہیں تو خلافت کے متعلق ترانے پڑھنا اور نظمیں پڑھنا کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

لوگ دنیاوی لیڈروں سے بھی جذباتی تعلق اور عقیدت رکھتے ہیں۔ دنیاوی مقاصد کے لئے بھی قربانیاں دیتے ہیں۔ لیکن کتنے ہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے، اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کی اطاعت اور فرمانبرداری کی خاطر قربانیاں دیتے ہیں۔ جو لوگ بظاہر یہ قربانیاں دیتے نظر آتے ہیں، یہ سب نام نہاد قربانیاں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیم کے خلاف ہیں اور ان علماء اور لیڈروں کے پیچھے چل کر کرتے ہیں جو خود کسی ایسے رہنما کو چاہتے ہیں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہدایت یافتہ ہو اور وہ اس زمانے میں صرف حضرت مسیح موعود ہیں اور ان کے علاوہ کوئی نہیں۔ پس حقیقی قربانی کا شعور اور مقاصد کے حصول کے لئے راہیں متعین کرنا صرف احمدی کے ہی نصیب میں ہے اور اس کے علاوہ ہر احمدی کو اس تعلیم کو سمجھتے ہوئے جو حضرت مسیح موعود نے ہمارے سامنے قرآن اور سنّت کی روشنی میں پیش فرمائی، اپنانے اور اس پر قائم رہنے کی کوشش کرنی چاہئے تبھی ہم سچے اور حقیقی احمدی کہلانے کے قابل ہوں گے۔

حضرت مسیح موعود ہم سے کیا چاہتے ہیں؟ آپ ایک جگہ فرماتے ہیں:

''یاد رکھو کہ سچے اور پاک اخلاق راستبازوں کا معجزہ ہے جن میں کوئی غیر شریک نہیں۔ کیونکہ وہ جو خدا میں محو نہیں ہوتے وہ اوپر سے قوت نہیں پاتے۔ اس لئے ان کے لئے ممکن نہیں کہ وہ پاک اخلاق حاصل کر سکیں۔ سو تم اپنے خدا سے صاف ربط پیدا کرو۔ ٹھٹھا، ہنسی، کینہ وری، گندہ زبانی، لالچ، جھوٹ، بدکاری، بدنظری، بدخیالی، دنیا پرستی، تکبر، غرور، خود پسندی، شرارت، کج بحثی، سب چھوڑ دو۔ پھر یہ سب کچھ تمہیں آسمان سے ملے گا''۔ یعنی راستبازوں کا معجزہ آسمان سے ملے گا۔

''جب تک وہ طاقت بالا جو تمہیں اوپر کی طرف کھینچ کر لے جائے، تمہارے شامل حال نہ ہو اور

روح القدس جو زندگی بخشتا ہے تم میں داخل نہ ہو تم بہت ہی کمزور اور تاریکی میں پڑے ہوئے ہو۔ اس حالت میں نہ تو تم کسی مصیبت کا مقابلہ کر سکتے ہو نہ اقبال اور دولتمندی کی حالت میں کبر اور غرور سے بچ سکتے ہو‘‘۔

آپ نے فرمایا: ’’تم اَبْنَاءُ السَّمَاء بنو نہ اَبْنَاءَ الْاَرْض۔ اور روشنی کے وارث بنو نہ کہ تاریکی کے عاشق تا تم شیطان کی گزرگاہوں سے امن میں آجاؤ‘‘۔

(کشتیٔ نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 45)

پس یہ وہ اعلیٰ معیار ہے، وہ ٹارگٹ ہے جو حضرت مسیح موعود نے ہمیں دیا ہے۔ انسان کمزور واقعہ ہوا ہے، زندگی میں اونچ نیچ ہوتی رہتی ہے اس لئے اس ٹارگٹ کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے ایک احمدی کو مسلسل کوشش اور جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے۔ اس اقتباس میں حضرت مسیح موعود نے ہمیں اللہ تعالیٰ کی مدد کے لئے اور ان اعلیٰ اخلاق کے حصول کے لئے طریقہ بھی بتا دیا اور وہ ہے اللہ تعالیٰ سے صاف ربط پیدا کرنا۔ ایک خالص تعلق پیدا کرنا۔ اور وہ کس طرح پیدا ہوتا ہے؟ وہ اسی صورت میں پیدا ہو گا جب ہم اپنے مقصد پیدائش کو ہمیشہ سامنے رکھنے والے ہوں گے اور وہ مقصد پیدائش خدا تعالیٰ نے ہمیں خود بتا دیا اور فرمایا......(الذاریات: 57) کہ مَیں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ پس یہ ایک بہت بڑا مقصد ہے۔ اگر اس مقصد کو اللہ تعالیٰ کے لئے خالص ہو کر حاصل کرنے کی کوشش ہم کرتے رہیں گے تو اُن اعمال کے نہ کرنے کی طرف بھی توجہ رہے گی جن کی نشاندہی حضرت مسیح موعود نے فرمائی ہے۔ اور ان نیک اعمال بجا لانے کی طرف بھی توجہ رہے گی جن کے بارہ میں خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے۔ ہم معاشرے کے حقوق ادا کرنے والا بنانے والے ہوں گے اور پھر یہ اعمال ہمیں مزید اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والا بنائیں گے۔ اور پھر خلافت کی نعمت کا بھی انہی لوگوں سے وعدہ ہے جو اعمال صالحہ بجا لانے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے شرک سے بکلّی پاک اور اس کے عبادت گزار ہیں۔

پس اگر ہم نے اس انعام کو اپنے پر جاری رکھنا ہے جس کی پیشگوئی آنحضرت ﷺ نے فرمائی تھی، تو اپنے مقصد پیدائش کو یاد رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عبادت کے لئے جو راستے ہمیں بتائے ہیں اور جو طریق ہمیں سکھایا ہے اس میں سب سے اہم پانچ وقت نمازوں کی ادائیگی ہے۔ پس ہر عورت، مرد، بچہ، بوڑھا ہمیشہ یاد رکھے کہ اگر اس کی پانچ وقت کی نمازوں کی حفاظت نہیں اور خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنا نہیں، تو نہ ہم اعمال صالحہ کے اُس معیار کو حاصل کرنے والے ہو سکتے ہیں جو ہمیں بتائے گئے ہیں اور نہ انسان اللہ تعالیٰ کے اُن انعامات سے حصہ لے سکتا ہے جو عبادت کے ساتھ مشروط ہیں۔

حضرت مسیح موعود اس بارہ میں ہم سے کیا توقع رکھتے ہیں۔ آپ ایک جگہ فرماتے ہیں:

’’سوائے وے تمام لوگو! جو اپنے تئیں میری جماعت شمار کرتے ہو آسمان پر تم اس وقت میری جماعت شمار کئے جاؤ گے جب سچ مچ تقویٰ کی راہوں پر قدم مارو گے۔ سو اپنی پنجوقتہ نمازوں کو ایسے خوف اور حضور سے ادا کرو کہ گویا تم خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہو‘‘۔

(کشتیٔ نوح۔ روحانی خزائن۔ جلد 19 صفحہ 15)

پس اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد تقویٰ سے متعلق سب سے بڑی شرط نمازوں کی ادائیگی ہے اور نمازوں کی ادائیگی اس طرح نہیں کہ جیسے کوئی بوجھ سر سے اتارا جا رہا ہے کہ جلدی جلدی ختم ہو اور پھر جا کر اپنے دنیاوی کاموں میں مشغول ہو جائیں۔ نہیں، بلکہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں نماز اس طرح ادا کرو جس طرح تم خدا کو دیکھتے ہو۔ اب دیکھیں جب ہم کسی بڑی ہستی کے سامنے پیش ہوتے ہیں تو ایک خوف ہوتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ جو سب سے بالا ہستی ہے اس کی عبادت کرتے ہوئے جب ہم یہ سوچ رکھیں گے کہ خدا تعالیٰ کو دیکھ رہے ہیں تو کس قدر ہماری خوف کی حالت ہو گی اور یہی حالت ہے جو خالص عبادت گزار بناتی ہے۔ لیکن چونکہ ہر ایک میں یہ حالت ایک دم پیدا نہیں ہو سکتی اس لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ نماز پڑھتے ہوئے اگر یہ حالت نہیں کہ تم سمجھو کہ خدا کو دیکھ رہے ہو تو کم از کم یہ خیال کرو کہ خدا تعالیٰ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ وہ خدا جو سب طاقتوں کا مالک ہے، جو دلوں کا حال جانتا ہے۔ جب یہ خیال ہو گا کہ وہ سب طاقتوں والا خدا ہمیں دیکھ رہا ہے تو اُس کی عبادت کرنے کی طرف توجہ پیدا ہو گی۔ اس طرح خالص ہو کر عبادت کرنے کی طرف توجہ پیدا ہو گی جو خدا تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے والی ہو گی۔ ہم اپنی نمازوں کی اس طرح حفاظت کرنے والے بنیں گے جو دنیاوی لذات، دنیاوی کاروبار، دنیاوی مقاصد کو ثانوی حیثیت دے رہے ہوں گے۔ اور یہ چیز ہے جو ہمیں اَبْنَاءُ السَّمَاء بنائے گی اور یہی چیز ہے جو ہمیں اس مقام پر لانے والی ہو گی جس سے ہم حقیقی رنگ میں حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شمار کئے جانے والے بنیں گے۔ یہ باتیں اس لئے نہیں بیان کی جا رہیں کہ جن لوگوں کو یہ حالت میسر نہیں آتی وہ مایوس ہو کر ایک طرف بیٹھ جائیں کہ ہم تو یہ معیار نہ حاصل کر سکتے ہیں اور نہ ہم نے کیا ہے اس لئے ہم جماعت سے باہر ہو گئے۔ بلکہ یہ وہ اعلیٰ معیار ہیں جن کے حصول کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے۔ آگے بڑھنے والی جماعتوں کے لئے ہمیشہ بڑے ٹارگٹ مقرر ہوتے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کے فضل اور برکتیں پہلے سے بڑھ کر نازل ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے......(الاعراف: 157) کہ میری رحمت ہر ایک چیز پر حاوی ہے۔ پس ہم جو حاصل کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے مل رہا ہے اور نیکیوں میں آگے بڑھتے چلے جانے کا ہی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ پس یہ نہ سمجھیں کہ جو حاصل نہیں کر سکتے یا نہیں کیا تو مایوس ہو گئے۔ بلکہ بڑھتے چلے جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور رحمت سے آگے بڑھاتا چلا جائے گا۔ اور پھر من حیث الجماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان انعاموں اور فضلوں کے ہم وارث بن رہے ہوں گے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی جماعت کے لئے مقدر فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت میں ایسے لوگ بھی بہت ہیں جو عبادتوں کے معیار حاصل کرنے والے ہیں۔ راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر نفل پڑھنے والے ہیں۔ جماعت کے لئے دعائیں کرنے والے ہیں۔ تقویٰ پر قدم مارنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی وجہ سے جماعت پر پھر مجموعی لحاظ سے فضل فرماتا ہے۔ لیکن حضرت مسیح موعود اپنی جماعت کے افراد کی اکثریت کو اس معیار پر دیکھنا چاہتے ہیں جو آپ نے بیان فرمایا ہے تا کہ جماعت کے ہر فرد کا اللہ تعالیٰ سے ذاتی تعلق پیدا ہو جائے۔ ہر فرد جماعت وہ فیض پانے والا بنے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے پاتے ہیں۔ جتنا زیادہ ہر فرد جماعت کے تقویٰ کا معیار بڑھے گا اتنی جلدی ہم احمدیت کے غلبہ کے نظارے دیکھنے والے ہوں گے۔ جیسا کہ مَیں نے کہا اپنے ماحول میں ان نیک اعمال کی وجہ سے جن کے کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے ہم دوسروں کو بھی اپنی طرف کھینچنے والے ہوں گے۔ ہماری ان عبادتوں کی وجہ سے ہماری دعوت الی اللہ کی کوشش بھی بار آور ہو گی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت سوں کو مَیں نے ملاقات کے دوران اخلاص و وفا سے پُر پایا ہے۔ اور ان کو دعاؤں کی قبولیت پر یقین سے پُر پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان اور اس کی رضا کی کوشش ان کی باتوں سے عیاں تھی۔ بہت سی عورتوں اور مردوں نے اپنے اور اپنی اولاد کے دین میں ترقی کرنے کی باتیں کی ہیں ان کے لئے دعا کے لئے کہتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ خلافت اور جماعت سے بھی ان لوگوں کا پختہ تعلق ہے۔

پس اس تعلق اور اس جذبہ کو نہ صرف کبھی آپ نے مرنے نہیں دینا بلکہ اس میں ہر روز اضافہ کی کوشش کرنی ہے۔ اور اس کے لئے جیسا کہ مَیں نے کہا اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ خدائے واحد و یگانہ کی عبادت اور نیک اعمال ایک مومن کے لئے انتہائی ضروری ہیں۔

اپنے آپ کو ہر مخفی شرک سے بھی بچائیں۔ یہاں آپ کے آپس میں مختلف مذاہب کے ساتھ تعلقات ہیں اور اُن کی وجہ سے، آپس میں ملنے جلنے کی وجہ سے، بعض بدعات اور غلط رسومات راہ پا جاتی ہیں اپنے آپ کو ان سے ہمیشہ بچا کر رکھیں۔ کیونکہ یہی باتیں پھر آہستہ آہستہ شرک کی طرف لے جاتی ہیں۔ یہاں تعلیم کا معیار ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس صوبہ میں احمدی بھی باقی آبادی کی طرح 100 فیصد تعلیم یافتہ ہیں۔ تو اس تعلیم کو اپنے دین کی حفاظت کے لئے استعمال کریں۔ دینی تعلیم کا حصول بھی آپ لوگوں کا ایک اہم مقصد ہونا چاہئے تا کہ اپنے ایمان کی حفاظت کے ساتھ اپنے بچوں میں بھی دین سے تعلق پیدا کر کے ان کی حفاظت کرنے والے ہوں تا کہ آئندہ نسلوں کا ایمان بھی ہمیشہ ترقی کرتے چلے جانے والا ہو۔ اور پھر اس دینی علم کو استعمال کر کے دعوت الی اللہ

میں بھی اہم کردار ادا کرنے والے بنیں۔ یہ سرزمین ایسی ہے جہاں ہندوؤں کے علاوہ یہودی بھی آ کر آباد ہوئے پھر ان کی تلاش میں حضرت عیسیٰ ؑ کے خاص حواری حضرت تھوما (Thomas) یہاں آئے، عیسائیت یہاں پھیلی۔ پھر جیسا کہ یہاں مشہور ہے حضرت مالک ؓ بن دینار کے ذریعہ اور عرب تاجروں کے ذریعہ اسلام کی ابتداء یہاں اسلام کے ابتدائی زمانہ میں ہوگئی۔ اب آپ کو اللہ تعالیٰ نے مسیح (موعود) کے ماننے کی توفیق دی ہے تو اس پیغام کو ایک خاص کوشش اور جدوجہد کے ساتھ آگے پہنچائیں اور............

پس اب ہم پر یہ ذمہ داری ہے کہ اس پیغام کو جو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ دنیا میں پھیلانا مقدر فرمایا ہے تو ایک کوشش کے ساتھ پھیلانے کی طرف توجہ کریں۔ دنیا کی توجہ اب پہلے سے بڑھ کر احمدیت کی طرف ہو رہی ہے۔ آپ نے اپنے علاقہ میں بھی میڈیا کے ذریعہ محسوس کیا ہوگا اور مخالفت میں بھی اور سننے کے لئے بھی اب دنیا کی ایک خاص توجہ احمدیت کی طرف ہوگئی ہے۔ پس اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے ہمیں پہلے سے بڑھ کر اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

ہمیشہ اس بات کو یاد رکھیں کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ مجھے دعاؤں کا ہتھیار دیا گیا ہے۔ اس لئے دعاؤں کی طرف ہمیں بہت زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ یہی ہیں جو انشاء اللہ تعالیٰ ہماری کامیابی کا باعث بنیں گی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆

سپین کے تاریخی مقامات کی سیر اور دعا کے مواقع

ہمارا زندہ خدا ہماری دعائیں سنتا اور معجزے دکھاتا ہے

ص۔ الف چٹھہ

تاریخ میں طالبعلمی کے زمانے میں سپین میں مسلمانوں کی شاندار فتوحات کے بارے میں کچھ پڑھا اور کچھ سپین کے تاریخی مقامات کے حسن و جمال کے متعلق بھی سنا تھا اور پھر خالق و مالک اپنے آخری آسمانی تحفے قرآن مجید میں اپنے بندوں کو اپنے پیدا کردہ حسین مناظر سے لطف اندوز ہونے کے لئے بھی فسیروا فی الارض میں اشارہ فرماتا ہے۔ لاریب ان انتہائی دلکش مناظر اور انتہائی خوبصورت عمارتوں کو دیکھ کر خدا تعالیٰ کی تعریف کے گن گانے کے مواقع بھی صرف اور صرف اس ذات کے خاص فضل سے ہی مہیا ہوتے ہیں۔ ورنہ باوجود توفیق ہونے کے بھی کئی رکاوٹیں خصوصاً بیرون ممالک جانے کے راستے میں حائل ہو جاتی ہیں۔

خاکسار میں نہ سلیقہ، نہ طاقت، نہ فراست، نہ ہی قلم میں طاقت کہ کچھ ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں ہی اظہار تشکر اس ذات کا کر سکوں جس نے سپین جانے اور اس کے خوبصورت شہروں کو اور ان کے عالیشان تاریخی مقامات کو دیکھنے کے سامان پیدا کئے۔

میری چھوٹی بیٹی عظمیٰ چٹھہ، شادی کے بعد اپنے میاں عزیزم ڈاکٹر عامر محمود کاہلوں کے پاس میڈرڈ، سپین گزشتہ سال اگست میں رہائش پذیر ہوئی۔ عزیزم عامر نے میڈرڈ یونیورسٹی سے Water Purification میں اعزاز کے ساتھ Ph.D. کی تعلیم مکمل کی تھی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد عزیزم عامر کو اپنے دو سال کے وقف کا عرصہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق سپین میں ہی گزارنا تھا۔ چونکہ عزیزم عامر نے Spanish زبان سیکھ کر Ph.D کی تھی لہٰذا حضور پُرنور کے نزدیک دعوت الی اللہ میں زبان پر عبور ہونا اس کو مدد دے گا۔ عزیزم خدا کے فضل سے میڈرڈ میں قائد علاقہ خدام الاحمدیہ اور نیشنل سیکرٹری تعلیم کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پا رہا ہے۔

میرا ویزہ برائے جلسہ یو۔کے 2008ء لگ چکا تھا۔ میری بیٹی کو 18/اگست سے پہلے میری ضرورت تھی۔ سپین کے ڈاکٹرز کی میڈیکل رپورٹس کے ساتھ ویزہ کے لئے درخواست دی، مگر سپین کی ایمبیسی نے اتنا زیادہ وقت لے لیا کہ میرا جلسہ یو۔کے میں شامل ہونا ناممکن ہوگیا۔ آخر دعائیں سنی گئیں اور سپین کی ایمبیسی نے ویزہ لگا دیا اور خاکسار 10/اگست کو کراچی سے روانہ ہو کر براستہ دوحہ 11/اگست کو میڈرڈ بخیریت پہنچ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے عزیزہ عظمیٰ کو بہت ہی پیاری بیٹی عطا فرمائی۔

میرا ویزہ خدا کے فضل سے Schengen تھا، لہٰذا میں ماسوائے یو۔کے یورپ کے دیگر تمام ممالک میں جا سکتی تھی۔ اس سہولت کے پیش نظر عامر نے خواہش کا اظہار کیا کہ چونکہ سپین کی وجہ سے آپ کا یو۔کے کا جلسہ رہ گیا تھا۔ لہٰذا 31/اگست کو ہونے والے جرمنی کے جلسے میں آپ ضرور شامل ہوں۔ اس طرح حضور انور سے بھی ملاقات ہو جائے گی اور جرمنی دیکھنے کا بھی موقع مل جائے گا۔ خدا کے فضل سے میں اپنی ہمشیرہ کے ساتھ جرمنی کے جلسہ میں شامل ہوئی، جرمنی کا جلسہ دیکھا، سارے مشن ہاؤسز دیکھنے کا موقع بھی بفضل الٰہی ملا۔ ممبرات لجنہ نے بہت محبت، اخلاص اور احترام کا اظہار کیا اور گرین ایریا کے ٹکٹ دیئے۔ حضور کی امامت میں نمازیں پڑھنے کی توفیق ملی۔ بہت سی بہنوں سے مدت بعد ملاقات ہوئی۔ حضور انور سے انفرادی ملاقات ہوئی اور حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا بھی موقع مل گیا۔

سپین بہت ہی وسیع اور خوبصورت ملک ہے۔ دور دور تک وسیع رقبے تک پھیلے ہوئے زیتون کے باغات، خصوصاً پیدرو آباد کی طرف جاتے ہوئے اور پیدرو آباد سے قرطبہ جاتے ہوئے فضا میں زیتون کی خوشبو رچی ہوتی ہے۔ یہ باغات پہاڑوں کی ڈھلوان پر ہیں اور اس سلیقہ سے اگائے ہوئے باغات انسانی ہاتھ سے لگائے گئے ہیں۔ یقین نہیں آتا۔ بہت ہی خوبصورت اور کشادہ شاہراہیں دیکھنے اور تعریف کے قابل ہیں۔ سپین کے قیام کے دوران بیت پیدرو آباد دیکھنے، حضور انور کی رہائش گاہ کی زیارت اور برکت کی خاطر تصاویر لینے اور بیت میں نمازیں اور نوافل پڑھنے کی توفیق ملی۔ واپسی پر مولانا کرم الٰہی صاحب ظفر کے مزار پر بھی دعا کرنے کی توفیق ملی۔

مسجد قرطبہ

بیت بشارت پیدرو آباد سے قرطبہ جا کر مسجد قرطبہ دیکھنے کی دیرینہ آرزو پوری ہوئی۔ مسجد قرطبہ میں جا کر بہت ذہنی تکلیف اٹھائی۔ اس میں داخلے کے لئے لمبی لائنیں لگی ہوئی تھیں۔ سپین گورنمنٹ کی آمدنی میں خوب اضافہ ہو رہا تھا، مگر جہاں سے اذان کی آواز آیا کرتی ہوں گی وہاں سے گرجا کی گھنٹیوں کے بجنے کی آوازیں بار بار آ رہی تھیں۔ مسلمانوں کے لگائے ہوئے پودے پھلوں سے لدے ہوئے تھے مگر وضو کے لئے مسجد میں بنائے گئے حوض کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ اندر کا حصہ چرچ میں تبدیل ہو چکا ہے یہاں کسی کو نماز پڑھنے کی اجازت نہیں۔

الحمرا

خدا تعالیٰ نے الحمرا کا محل دیکھنے کی خواہش، حسرت یا خواب کو حقیقت میں بدل دیا۔ غرناطہ کا ذکر ڈراموں اور کہانیوں میں پڑھا اور سنا تھا مگر اب غرناطہ شہر میں قیام کا موقع بھی واحد و لاشریک خدا نے عطا فرمایا۔

کئی میلوں پر پھیلا ہوا الحمرا مسلمانوں کے ہر شعبہ میں ہر کام میں اس دنیا کے ہر صناع، ہر ایک نقاش، ہر ایک کیلیگراف کو پکار پکار کر مقابلہ کا چیلنج دیتا نظر آتا ہے۔ حسن و دلکشی میں اپنا جواب آپ، دیکھنے والوں کا تانتا، ٹکٹیں کئی کئی ہفتے پہلے انٹرنیٹ سے بک کروانے پڑتے ہیں۔ اگر وہاں پہنچ کر بھی کوئی ایک منٹ لیٹ ہو جائے تو ٹکٹ ضائع۔ لان، باغ، جالیاں، پھلدار درخت، ملکہ کے کمرے، بادشاہ کے مختلف اوقات میں بیٹھنے کی جگہیں۔ آج تک مسلمان کاریگروں اور انجینئرز کی بنائی ہوئی چیزوں کو ماڈرن انجینئرز سمجھ نہیں سکے۔ نالیوں میں تازہ پانی ابھی تک سپین کے ماڈرن انجینئرز کی سمجھ سے بالا ہے۔ سپین کی گورنمنٹ خوب کما رہی ہے۔ اب بھی دیواروں پر آیات لکھی ہوئی موجود ہیں جن کو کھرچ کر اس لئے نہیں اتار رہے کہ کہیں حسن میں کچھ کمی نہ آ جائے۔ اپنے تین مشن ہاؤسز میں جانے، دیکھنے، نماز پڑھنے کی توفیق بفضل اللہ تعالیٰ ملی۔ عید کے لئے ہم نے Valencia مشن ہاؤس جا کر شامل ہونے کا پروگرام بنایا۔ یہ میڈرڈ سے تقریباً سو کلومیٹر دور ہے۔ یہاں عید پڑھنے کا مقصد یہاں کے احمدیوں سے ملاقات کے علاوہ اس جگہ کو بھی دیکھنا تھا جہاں ایک بہت بڑی بیت بننے والی ہے۔

سپین کا ہر شہر چھوٹا ہو یا بڑا، سڑکیں کشادہ ہوں یا تنگ، صفائی کا معیار جرمنی یا یو۔کے کے مقابلے میں بہت بلند ہو اور اس معاملہ میں دوسرے ممالک کو مقابلے کی دعوت دیتا نظر آتا ہے۔ دل کی گہرائیوں سے ایک حسرت بھری آواز دل سے بار بار نکلتی تھی کہ کاش ہمارا ملک کم ازکم صفائی کے اصولوں کو ہی اپنا لے، جبکہ ہمارا تو دین بھی ہمیں یہی سکھاتا ہے کہ صفائی نصف ایمان ہے۔

خدائی نصرت کے نظارے

اس مختصر مضمون کے لکھنے کے محرک دو معجزہ نما قبولیت دعا کے واقعات ہیں جو میرے سپین کے قیام کے دوران پیش آئے اور اس ذات جس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے، جس کی کبریائی بیان کرنے کی کون طاقت رکھتا ہے کے معجزانہ سلوک جو میرے مالک و خالق نے جبکہ کمزور اعصاب اور بظاہر حالات کی وجہ سے مایوسی کا احساس طبیعت اور سوچ پر بار بار حملہ کرنے کے لئے تیار نظر آتا تھا مگر ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ مایوسیوں اور اندھیروں کی اتھاہ گہرائیوں سے نکال کر راہنما آیات بھی بار بار آنکھوں کے سامنے تسلی دینے

کے لئے آرہی تھیں۔ اس وقت یہ خدائی تسلی بخشنے کا سنہری گُر کہ خدا کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہو بہت حوصلہ بخش رہا تھا اور منہ اور زبان پر بے ساختہ یہ الفاظ جاری تھے میرے مالک میرے خالق معجزہ۔بس معجزہ۔ واقعہ یوں ہوا کہ عزیزم عامر چونکہ نیشنل سیکرٹری تعلیم سپین بھی ہیں اور میڈرڈ کے قائد مجلس خدام الاحمدیہ بھی۔ان کی مرکزی میٹنگ Valencia میں منعقد ہونی تھی جو میڈرڈ سے تقریباً چاسوکلومیٹر ہے۔عزیزم نے امیر صاحب اور عاملہ کے ساتھ میٹنگ اٹینڈ کی اور رات دو بجے کے قریب گھر واپس آرہے تھے تو نیشنل ہائی وے پر گاڑی میں کوئی مسئلہ محسوس کیا۔یاد رہے کہ سپین کی شاہراہیں انتہائی مصروف، انتہائی رش اور ہر گاڑی کی اوسط رفتار 140 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوتی ہے۔ بلکہ جب دوران سفر عامر نے گاڑی کی رفتار حد کے اندر رہتے ہوئے ڈرائیو کرتے تو پیچھے سے آنے والے لائٹ مارتے ہوئے جاتے تھے کہ تم اتنی آہستہ کیوں چلا رہے ہو۔ایسے میں رات کے وقت گاڑی کا رک جانا بھی بہت خطرناک، کیونکہ رکنے والی گاڑی کی ایک گاڑی سے ٹکر نہیں ہوتی بلکہ لین میں آنے والی ساری گاڑیاں حادثے کی نذر ہو جاتی ہیں۔

ایسے پریشان کن لمحات میں خداتعالیٰ نے عزیزم کو اپنے آپ پر قابو پانے کی توفیق عطا فرمائی اور اس نے گاڑی کی ایمرجنسی لائٹ آن کر کے جو خاص جگہ اس مقصد کے لئے شاہراہ پر بنی ہوتی ہے پر کھڑی کر دی۔کون ہو جو آدھی رات کے وقت مدد کرے۔نہ کوئی پیٹرول پمپ نزدیک نہ کوئی ورکشاپ اور شدید ٹھنڈ، گاڑی سے باہر، گھر فون کیا کہ سخت پریشانی ہے۔ بہرحال اس کو عظمیٰ نے کہا کہ فون پر بات کرتے رہیں تاکہ کسی کو غلط قسم کا فائدہ اٹھانے کا موقع نہ مل سکے۔ آخر ایک فرشتہ صفت انسان نے گاڑی آکر روکی اور عزیزم عامر کے بتانے پر کہ غالباً پیٹرول تھوڑا ہے وہ نزدیکی پیٹرول پمپ پر بٹھا کر لے گیا۔وہاں سے کسی چیز میں پیٹرول لیا اور جلدی سے اس کے ساتھ اپنی گاڑی کے پاس واپس آگیا تاکہ اس آدمی کا وقت ضائع نہ ہو۔گاڑی میں پیٹرول ڈالا مگر کوئی خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوئی۔عزیزم نے انشورنس والوں کو فون کیا، جو فوراً پہنچ گئے۔ انہوں نے عزیزم عامر کو گھر پہنچانے اور گاڑی کو ورکشاپ میں پہنچانے کا انتظام کیا۔مگر جب انشورنس والوں کی گاڑی عامر کو لینے آئی اور انشورنس کا کارڈ نمبر وغیرہ جب انہوں نے پوچھا تو کارڈ تو کیا Wallet ہی غائب تھا۔اس Wallet میں بینکوں کے کارڈ، شناختی کارڈز (IDs)، آفس کے حساس کارڈ، پاکستان کا شناختی کارڈ اور سب سے پریشان کن سپین کا ریذیڈنٹ کارڈ جس کے بغیر وہ سپین میں ایک دن بھی قانوناً نہیں رہ سکتا تھا۔جب ہمیں بتایا تو عزیزم کے منہ سے بے اختیار یہ بات بے ساختگی سے نکل رہی تھی کہ A to Z سارے کارڈ چلے گئے۔ انتہائی پریشان کن لمحات۔پھر عزیزم اس پیٹرول پمپ پر گیا کہ جلدی میں پیٹرول پمپ پر ادائیگی کرتے ہوئے کارڈ نکالا تھا۔مگر وہاں کچھ بھی نہیں تھا۔کیسے ہوتا، اتنا مصروف پیٹرول پمپ، ہر دو منٹ پر Filling کے لئے گاڑی آرہی ہوتی ہے اور تھا بھی ہفتہ کا دن، یعنی Weekend۔

عامر خالی ہاتھ انشورنس والوں کے ساتھ ان کی گاڑی میں گھر آگیا، بہت اپ سیٹ اور طبیعت خراب۔ اس کی طرف سے سخت فکرمندی۔ ایسے حالات میں ہم تینوں کی حالت کا اندازہ شاید وہ شخص ہی لگا سکتا ہے۔جس نے کبھی ایسے حالات کا سامنا کیا ہو۔عامر کو گرم بستر میں لٹایا اور والٹ نہ ملنے کا سوچ کر آنکھوں کے سامنے اندھیرا آرہا تھا۔ میں نے خداتعالیٰ کے حضور معجزہ، معجزہ میرے مالک اور صرف معجزہ کی درخواست شروع کردی۔کمروں میں چکر لگا رہی تھی۔ عظمیٰ چھوٹی سی بچی کو گود میں لئے بیٹھی نظر آتی تھی۔ بے بسی کا عالم تھا۔میرے منہ سے بس یہی الفاظ نکلتے تھے۔ معجزہ۔ میرا خدا یقیناً ایک زندہ خدا ہے۔ میرے جیسی کمزور، نااہل اور ہر لحاظ سے ناکارہ بندی کی پکار اس نے سن لی اور بڑی جلدی سن لی اور معجزہ معجزہ کی درخواست رد نہیں ہوئی بلکہ قبولیت دعا کا معجزہ بن گئی۔

عزیزم عامر تو صبح آفس چلا گیا۔کوئی دو بجے فون آیا۔سپینش لوگ انگریزی بالکل نہیں بولتے۔فون کرنے والے نے عظمیٰ سے پوچھا کہ عامر کا نمبر ہے۔ اس نے کہا کہ میں سپینش سمجھ سکتی ہوں مگر بول نہیں سکتی اور اس کے ساتھ ہی کال کرنے والے کو عامر کا آفس کا نمبر دے دیا تاکہ وہ اس سے وہاں بات کرلے۔ آدھے گھنٹے بعد عامر کا فون آیا کہ وہ پولیس آفیسر کا فون تھا اور اس نے پوچھا کہ تمہارا کوئی Wallet گم ہوا ہے؟ اور یہ کہ اس میں کیا کیا تھا، میں نے سب چیزیں بتائی ہیں اور اس نے کہا ہے کہ تم اپنا بٹوہ فلاں جگہ پر آرمی کا جو ہیڈ کوارٹر ہے وہاں سے جاکر لے سکتے ہو۔بٹوے میں عامر کا آفس کا کارڈ بھی تھا اور اس پر گھر کا فون نمبر بھی تھا اس لئے انہوں نے گھر فون کیا تھا۔ آفس ٹائم کے بعد عامر نے وہاں جاکر اپنا بٹوہ لے لیا۔ یہ جگہ وہاں سے تقریباً 40 کلومیٹر دور تھی۔

سپین کی مصروف ترین شاہراہ جس سے کئی شاخیں اور نکل رہی ہوتی ہیں، پیٹرول پمپ پر جو انتہائی مصروف Filling Station ہو پر بٹوے کا رہ جانا اور اس بٹوے میں ایسے کارڈ کا ہونا جس کے بغیر سپین میں ایک دن کا قیام بھی خلاف قانون ہو، کا مل جانا اور گھر فون آنا۔میرے خدا نے میری پکار سنی اور منہ سے میرے ہی الفاظ معجزہ بس معجزہ کو معجزہ کر دکھایا اور بظاہر ناممکن کو ممکن میں بدل دیا۔

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے
اے میرے فلسفیو! زور دعا دیکھو تو

7 نومبر 2007ء کو میری واپسی کا پروگرام تھا۔ خدا کے فضل سے تمام مشہور جگہوں اور مقامات کی سیر کرلی تھی مگر عظمیٰ کی خواہش تھی کہ میڈرڈ شہر کی سیر کی جائے اور مشہور جگہوں مثلاً Zero Point، چرچ شہنشاہ اور محل وغیرہ پیدل سیر کرکے دیکھا جائے کیونکہ اپنی گاڑی ایسی جگہوں پر لے جانا مشکل ہوتا ہے۔ پروگرام یوں بنا کہ اپنی گاڑی میں میڈرڈ یونیورسٹی تک جاتے ہیں، اس طرح یونیورسٹی بھی دیکھ لیں گے اور گاڑی وہیں پارک کردیں گے۔ان ممالک میں قواعد و ضوابط اور قانون کا بہت خیال رکھوایا جاتا ہے۔اس لئے پارکنگ کے لئے مناسب جگہ کا مل جانا بھی نعمت ہوتی ہے۔

پروگرام کے مطابق یونیورسٹی میں گاڑی پارک کی اور تھوڑی دیر یونیورسٹی کے شعبہ جات پر نظر ڈالی۔اس دوران میری نواسی نے رونا شروع کر دیا اور عزیزم عامر نے اس کو چپ کروانے کے لئے موبائل سیٹ سے مختلف Tunes بجانی شروع کردیں۔ بعد میں ہم میٹرو (Taxi) بدل بدل کر میڈرڈ شہر پہنچ گئے۔ وہاں تھوڑی سیر کے بعد KFC نظر آیا تو بچوں نے وہاں سے کھانے کا پروگرام بنایا۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال جب عزیزم عامر کو امتیازی اعزاز کے ساتھ Ph.D کی ڈگری ملی تھی تو دونوں میاں بیوی ڈگری لینے کے بعد کچھ ریفریشمنٹ کے لئے اسی KFC میں آئے تھے۔اس دن جب لائن میں لگے تو پاس سے وہ بیگ جس میں مووی کیمرہ جو تقریب کی تصویریں وغیرہ لینے کے لئے لائے تھے، نئی نئی ملی ہوئی ڈگری، گھر کی چابیاں اور بہت کچھ تھا، کوئی چوری کرکے لے گیا تھا اور وہاں کے گارڈ نے جو آج بھی وہاں کھڑا تھا کچھ نہیں کیا تھا۔آج ہم دونوں ماں بیٹی ایک طرف کونے کی میز پر بیٹھی تھیں اور عزیزم عامر لائن میں کھڑا تھا۔جب وہ کھانے کی ٹرے لے کر آیا تو فوراً خیال آیا کہ موبائل فون کہاں ہے۔سب کچھ چیک کرنے کے بعد اسی خیال پر اتفاق ہوا کہ یقیناً یونیورسٹی کے بنچ پر جہاں عزیزم عامر نے بچی کو موبائل کی مدد سے چپ کروایا تھا وہیں رہ گیا ہوگا۔سخت پریشانی، مسئلہ موبائل کا نہیں بلکہ اس میں Feed کئے ہوئے بیشمار نمبرز کا تھا۔ عظمیٰ تو اس KFC کی جگہ کو ہی کوس رہی تھی۔عزیزم فوراً نکل گیا کہ جاکر دیکھتا ہوں شاید مل جائے۔ یہ پھر میرے خدا کے حضور معجزہ مانگنے کا وقت آگیا تھا۔ہم دونوں صبر کے ساتھ بیٹھی تھیں اور پریشان تھیں کہ عامر کو جلدی جلدی جانا پڑے گا اور کہیں پریشانی میں کوئی اور مسئلہ نہ بن جائے۔ خدشات ہی خدشات، مگر دل ہی دل میں خدا کے حضور سجدہ ریز تھی اور اس کو یاد دلانے کی نالائق کوشش کررہی تھی کہ میرے مالک تو تو کہتا ہے کہ جو زیادہ مانگتا ہے میں اس سے زیادہ خوش ہوتا ہوں۔ مجھے ہرگز اس حقیقت کو ماننے میں کوئی عار نہیں کہ میں تقویٰ سے خالی ہوں، مانگنے کے سلیقے نے مجھے چھوا بھی نہیں لیکن ہوں تو تیری بندی مجھے تیرے محبوب اور اس پر نازل ہونے والی کتاب یعنی قرآن پاک سے عشق کا دعویٰ تو ہے۔اے میرے مولیٰ غلطیاں ہم نے کرنی ہیں اور اے رحیم خدا تو نے تو معاف بھی کرنا ہے اور پھر فضل کر کہ میرے آنسو اپنے رحم اور فضل کے Tissue سے تو نے ہی پونچھنے ہیں۔ میز پر پڑی ہوئی چیزیں بھی شاید میری خاموش دعاؤں میں شامل تھیں اور میری گود میں دو ماہ کی نواسی مسکرا رہی تھی، وہ یہ سمجھ رہی تھی کہ میں اسے باتیں کررہی ہوں اور بار بار خلیفۃ المسیح الرابع کا یہ شعر میری زبان پر تھا۔

میں تجھ سے نہ مانگوں تو نہ مانگوں گا کسی سے
میں تیرا ہوں تو میرا خدا میرا خدا ہے

تقریباً ایک گھنٹہ بعد عزیزم واپس پہنچے، خالی ہاتھ نہیں بلکہ ہاتھ میں موبائل سیٹ تھا۔سیٹ کا اسی جگہ پڑا ہونا سپینش قوم کی ایمانداری کا نتیجہ نہیں تھا (جیسے کہ میں اوپر چوری کا ذکر کر چکی ہوں) یہ صرف خداتعالیٰ نے اس کے ذریعے میرے جیسی کمزور کو اپنے اور نزدیک کرنا تھا کیونکہ رونے سے دل اور دھلا۔ خداتعالیٰ کا شکر ادا کروں تو کس طرح۔

ہم میں سوچنے اور سمجھنے کی طاقت نہیں فراست کا فقدان ہے ورنہ ہر روز کئی معجزات خدا کی طرف سے عطا ہو رہے ہوتے ہیں۔خدا ایک زندہ خدا ہے، وہ سنتا ہے اور خوب سنتا ہے۔ بعض دفعہ تو جلدی ہمارے کشکول میں ڈال دیتا ہے۔مگر بعض دفعہ وہ بھی دیکھتا ہے کہ میرا بندہ مستقل مزاجی اور صبر کے لحاظ سے کس پانی میں ہے۔ کب تک یہ میری رحمت اور فضل کا دروازہ کھٹکھٹاتا رہتا ہے۔کسی نے حضرت رابعہ بصریؒ سے کہا کہ خدا کا دروازہ کھٹکھٹاتے رہیں تو کھل ہی جاتا ہے، مگر کیا ہی پیارا جواب اس خدا کی بندی نے دیا کہ کھل ہی جاتا سے کیا مراد، وہ تو کھلا ہی رہتا ہے۔

اس خواہش اور دعا کے ساتھ کہ ہم جو بھی کام کریں رضائے الٰہی ہمارا مقصود ہو اور ہر خدا کے فضل سے اس متقیوں کے گروہ میں شامل ہوں جو خدمات جنت کے حصول کے لئے نہیں کرتے بلکہ ان کی زندگی کا مقصد اپنے خالق و مالک کی رضا ہے۔خدا کرے کہ آپ قارئین کو بھی یہ بات پسند آئے۔ ہر بات جو نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والی ہو وہ صدقہ جاریہ بن جاتی ہے۔اسی محترم ہستی حضرت رابعہ بصریؒ سے کسی نے پوچھا کہ جنت اور دوزخ کا بھی کبھی آپ کو خیال آتا ہے؟ جواب دیا کہ جنت اور دوزخ یا جہنم کو جس نے پیدا کیا ہے میں اس کے خیال میں مگن رہتی ہوں۔

خدا کرے کہ جس طرح ایک معروف بات ہے کہ بچہ جب دنیا میں آتا ہے تو رو رہا ہوتا ہے اور اس سے تعلق رکھنے والے عزیز و اقارب خوش ہو رہے ہوتے ہیں، جب ہم دنیا سے رخصت ہو رہے ہوں تو ہمارے چہروں پر سکینت اور مسکراہٹ ہو اور وہ ممبرات لجنہ اور عزیز و اقارب ہماری کمی کو محسوس کریں جن کے درمیان ہم نے زندگی گزاری ہو۔آمین

☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

